احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

جمعرات 7 اگست 2008ء

روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029
FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعرات 7/اگست 2008ء 4 شعبان 1429 ہجری 7 ظہور 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 180

مومن کا جواب

حضرت اسماءؓ بیان کرتی ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا مجھے وحی کی گئی کہ تم اپنی اپنی قبروں میں ویسے ہی آزمائے جاؤ گے جیسے مسیح دجال کے فتنہ سے۔ اور پوچھا جائے گا کہ اس شخص کے متعلق تمہارا کیا علم ہے مومن یا یقین کرنے والا کہے گا وہ محمدؐ اور اللہ کے رسول ہیں۔ وہ ہمارے پاس کھلے دلائل اور ہدایت لائے ہم نے ان کو قبول کیا اور ان کی پیروی کی۔ تب اسے کہا جائے گا۔ آرام سے سوجا۔ لیکن منافق یا شک کرنے والا کہے گا مجھے پتہ نہیں میں نے لوگوں کو کچھ کہتے سنا اور میں نے بھی کہہ دیا۔

(صحیح بخاری کتاب العلم باب من اجاب الفتیا حدیث نمبر:84)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یہ زمانہ بھی روحانی لڑائی کا ہے۔ شیطان کے ساتھ جنگ شروع ہے۔ شیطان اپنے تمام ہتھیاروں اور مکروں کو لے کر (دین) کے قلعہ پر حملہ آور ہو رہا ہے اور وہ چاہتا ہے کہ (دین) کو شکست دے مگر خدا تعالیٰ نے اس وقت شیطان کی آخری جنگ میں اس کو ہمیشہ کے لئے شکست دینے کے لئے اس سلسلہ کو قائم کیا ہے۔ مبارک وہ جو اس کو شناخت کرتا ہے اب تھوڑا زمانہ ہے ابھی ثواب ملے گا لیکن عنقریب وقت آتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس سلسلہ کی سچائی کو آفتاب سے بھی زیادہ روشن کر دکھائے گا۔ وہ وقت ہوگا کہ ایمان ثواب کا موجب نہ ہوگا اور توبہ کا دروازہ بند ہونے کے مصداق ہوگا۔ اس وقت میرے قبول کرنے والے کو بظاہر ایک عظیم الشان جنگ اپنے نفس سے کرنی پڑتی ہے۔ وہ دیکھے گا کہ بعض اوقات اس کو برادری سے الگ ہونا پڑے گا۔ اس کے دنیاوی کاروبار میں روک ڈالنے کی کوشش کی جائے گی اس کو گالیاں سننی پڑیں گی۔ لعنتیں سنے گا مگر ان ساری باتوں کا اجر اللہ تعالیٰ کے ہاں سے ملے گا۔

لیکن جب دوسرا وقت آیا اور اس زور کے ساتھ دنیا کا رجوع ہوا جیسے ایک بلند ٹیلہ سے پانی نیچے گرتا ہے اور کوئی انکار کرنے والا ہی نظر نہ آیا اس وقت اقرار کس پایہ کا ہوگا؟ اس وقت ماننا شجاعت کا کام نہیں ثواب ہمیشہ دکھ ہی کے زمانہ میں ہوتا ہے۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو قبول کر کے اگر مکہ کی نمبرداری چھوڑ دی تو اللہ تعالیٰ نے اس کو ایک دنیا کی بادشاہی دی۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بھی کمبل پہن لیا اور ہرچہ بادا باد، ماکشتی در آب انداختیم کا مصداق ہو کر آپ کو قبول کیا تو کیا خدا تعالیٰ نے ان کے اجر کا کوئی حصہ باقی رکھ لیا؟ ہرگز نہیں۔ جو خدا تعالیٰ کے لئے ذرا بھی حرکت کرتا ہے وہ نہیں مرتا جب تک اس کا اجر نہ پالے۔ حرکت شرط ہے۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ اگر کوئی اللہ تعالیٰ کی طرف معمولی رفتار سے آتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی طرف دوڑ کر آتا ہے۔

ایمان یہ ہے کہ کچھ مخفی ہو تو مان لے۔ جو ہلال کو دیکھ لیتا ہے تیز نظر کہلاتا ہے لیکن چودھویں کے چاند کو دیکھ کر شور مچانے والا دیوانہ کہلائے گا۔

اس موقعہ پر مولانا مولوی عبداللطیف صاحب کابلی نے عرض کی کہ حضور میں نے ہمیشہ آپ کو سورج ہی کی طرح دیکھا ہے کوئی امر مخفی یا مشکوک مجھے نظر نہیں آیا پھر مجھے کوئی ثواب ہوگا یا نہیں۔ فرمایا:۔

آپ نے اس وقت دیکھا جب کوئی نہ دیکھ سکتا تھا۔ آپ نے اپنے آپ کو نشانہ ابتلاء بنا دیا اور ایک طرح سے جنگ کے لئے تیار کر دیا۔ اب بچ جانا یہ خدا کا فضل ہے۔ ایک شخص جو جنگ میں جاتا ہے اس کی شجاعت میں تو کوئی شبہ نہیں اگر وہ بچ جاتا ہے اور اسے کوئی گزند نہیں پہنچتا تو یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے۔ اسی طرح آپ نے اپنے آپ کو خطرات میں ڈال دیا اور ہر دکھ اور ہر مصیبت کو اس راہ میں اٹھانے کے لئے تیار ہو گئے اس لئے اللہ تعالیٰ آپ کے اجر کو ضائع نہیں کرے گا۔

(ملفوظات جلد سوم ص 16)

مریم شادی فنڈ

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنی زندگی میں جو آخری مالی تحریک فرمائی وہ ”مریم شادی فنڈ“ ہے۔

مورخہ 28 فروری 2003ء کے خطبہ جمعہ میں اس تحریک کا اعلان کرتے ہوئے آپ نے فرمایا:۔

”اس فنڈ کا نام مریم شادی فنڈ رکھ دیتا ہوں امید ہے کہ اب یہ فنڈ کبھی ختم نہیں ہوگا اور ہمیشہ غریب بچیوں کو عزت کے ساتھ رخصت کیا جاسکے گا۔“

(الفضل 6 مئی 2003ء)

احباب جماعت کو حضور کی اس تحریک میں خدا تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے ضرور حصہ لینا چاہئے اور اپنی شادیوں کے مواقع پر اس تحریک میں بھی ادائیگی کرنی چاہئے تاکہ مستحق، بے سہارا اور یتیم بچیاں بھی عزت کے ساتھ رخصت ہوسکیں نیز ایسے افراد جنہیں اللہ تعالیٰ نے مالی فراخی عطا فرمائی ہے وہ شکرانے کے طور پر اپنی استطاعت کے مطابق ضرور اس بابرکت تحریک میں شامل ہونے کی کوشش کریں۔ جزاکم اللہ

(ناظر اعلیٰ)

داخلہ مریم صدیقہ سکول

(دارالرحمت غربی ربوہ)

امسال نظارت تعلیم کے تحت دارالرحمت غربی میں مریم صدیقہ انگلش میڈیم سکول کا آغاز ہو رہا ہے۔ جس میں جماعت پریپ تا چہارم داخلہ کیلئے فارم مورخہ **9/اگست 2008ء** کو صبح 9 بجے تا 12 بجے سکول سے حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ داخلہ فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ **17/اگست 2008ء** ہے۔ داخلہ فارم کے ساتھ سکول چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ اور برتھ سرٹیفکیٹ لگانا ضروری ہے۔

نوٹ: جماعت پریپ کے لئے فارم حاصل کرنے کے لئے بچے کا اصلی برتھ سرٹیفکیٹ پیش کرنا لازمی ہوگا۔ نیز بچے کو Aa-Zz، الف تا ے اور گنتی 1-20 تحریری آنا لازمی ہے۔ بچے کی عمر ساڑھے چار تا ساڑھے پانچ سال ہونی چاہئے۔

(نظارت تعلیم)

مرتبہ: مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ۔ حالات اور خدمات

نمبر 5

(عہد خلافت کے اہم واقعات ۔ سوال و جواب کی شکل میں)

سوال: کلکتہ میں بیت الذکر ڈائمنڈ ہاربر کا سنگ بنیاد کب رکھا گیا۔
جواب: 1967ء میں۔
سوال: حضور نے کوپن ہیگن میں بیت النصرت کا افتتاح کب فرمایا۔
جواب: 21 جولائی 1967ء کو۔
سوال: حضور نے ''امن کا پیغام اور ایک حرف انتباہ'' لیکچر کب اور کہاں ارشاد فرمایا۔
جواب: 28 جولائی 1967ء کو وانڈز ورتھ ٹاؤن ہال لندن میں۔
سوال: ''اسلامی اصول کی فلاسفی'' کا انگریزی ترجمہ کب شائع ہوا۔
جواب: جنوری 1967ء میں ایک لاکھ کی تعداد میں شائع ہوا۔
سوال: مجلس مشاورت پہلی بار کب ایوان محمود میں منعقد ہوئی۔
جواب: 7، 8، 9 اپریل 1967ء کو۔
سوال: 1967ء میں حضور نے اپنا کون سا الہام بیان فرمایا۔
جواب: اس سال حضور نے اپنا یہ الہام بیان فرمایا ''میں تینوں ایناں دیواں گا کہ تو رج جاویں گا۔''
سوال: ایک روٹی کھانے کی تحریک حضور نے کس موقع پر فرمائی۔
جواب: 10، 11، 12 جنوری 1968ء کو گزشتہ سال کا مؤخر جلسہ سالانہ منعقد ہوا۔ 10، 11 جنوری کی درمیانی شب نانبائیوں نے ہڑتال کر دی۔ جس پر حضور نے ہر احمدی کو صرف ایک روٹی کھانے کی تحریک فرمائی۔
سوال: حضور کے دور میں گوٹن برگ (سویڈن) سے رسالہ ''ایکٹو اسلام'' (Active Islam) کا اجراء کب ہوا۔
جواب: 1968ء میں۔
سوال: پہلی بار سوئی گیس سے کھانا تیار کرنے کا اہتمام کس جلسہ پر کیا گیا۔
جواب: 26، 27، 28 دسمبر 1968ء کو جلسہ سالانہ کے موقع پر۔
سوال: طبیہ کالج کا اجراء کب ہوا۔
جواب: 1968ء میں ربوہ میں طبیہ کالج کا اجرا ہوا۔
سوال: حضور کے دور خلافت میں حضرت مسیح موعود کی تفسیر سورۃ فاتحہ کب شائع ہوئی۔
جواب: 1969ء میں۔
سوال: اسپرانٹو زبان میں قرآن کریم کا پہلی مرتبہ ترجمہ کب شائع ہوا۔
جواب: 1969ء میں۔
سوال: حضور نے سورۃ البقرہ کی ابتدائی سترہ آیات کے زبانی یاد کرنے کی تحریک کب فرمائی۔
جواب: 12 ستمبر 1969ء کو۔
سوال: حضور کے دورِ خلافت میں افریقہ کی کس زبان میں قرآن کریم کے ترجمہ کا کام شروع ہوا۔
جواب: ہاؤسا (Hausa)۔
سوال: حضور نے بیت محمود کا افتتاح کب فرمایا اور یہ سوئٹزرلینڈ کے کس شہر میں واقع ہے۔
جواب: 1970ء میں افتتاح فرمایا اور یہ سوئٹزرلینڈ کے شہر زیورک میں واقع ہے۔
سوال: حضور نے نصرت جہاں سکیم کا آغاز کب فرمایا۔
جواب: 24 مئی 1970ء میں۔
سوال: حضور نے خلافت لائبریری ربوہ کا سنگ بنیاد کب رکھا۔
جواب: 18 جنوری 1970ء کو۔
سوال: خلافت لائبریری کس فنڈ سے تعمیر کی گئی۔
جواب: ''فضل عمر فاؤنڈیشن'' کے فنڈ سے۔
سوال: حضرت چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب عالمی عدالت انصاف کے چیف جسٹس کب منتخب ہوئے۔
جواب: 18 فروری 1970ء کو۔
سوال: حضور اپنے دوسرے دورہ یورپ اور مغربی افریقہ کے پہلے دورہ پر کب تشریف لے گئے۔
جواب: 4 / اپریل تا 8 / جون 1970ء۔

مشعل راہ

بیوت الذکر کی اصل زینت نمازیوں سے ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ 3 / اکتوبر 2003ء میں فرماتے ہیں۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں: ''حق اللہ میں بھی امراء کو دقت پیش آتی ہے اور تکبر اور خود پسندی ان کو محروم کر دیتی ہے۔ مثلاً نماز کے وقت ایک غریب کے پاس کھڑا ہونا برا معلوم ہوتا ہے۔ ان کو اپنے پاس بٹھا نہیں سکتے اور اس طرح پر وہ حق اللہ سے محروم رہ جاتے ہیں۔ کیونکہ (بیوت الذکر) تو دراصل بیت المساکین ہوتی ہیں''۔ (ملفوظات جلد سوم صفحہ 368 جدید ایڈیشن)

پھر آپ نے فرمایا: ''اس وقت ہماری جماعت کو (بیت) کی بڑی ضرورت ہے۔ یہ خانہ خدا ہوتا ہے۔ جس گاؤں یا شہر میں ہماری جماعت کی (بیت) قائم ہوگئی تو سمجھو کہ جماعت کی ترقی کی بنیاد پڑ گئی۔ اگر کوئی ایسا گاؤں ہو یا شہر، جہاں (بیت) کم ہوں یا نہ ہوں اور وہاں (دین) کی ترقی کرنی ہو تو ایک (بیت) بنا دینی چاہئے، پھر خدا خود .... کو کھینچ لاوے گا۔ لیکن شرط یہ ہے کہ قیام (بیت) میں نیت بہ اخلاص ہو۔ محض للہ اسے کیا جاوے۔ نفسانی اغراض یا کسی شر کو ہرگز دخل نہ ہو، تب خدا برکت دے گا۔

یہ ضروری نہیں (بیت) مرصع اور پکی عمارت کی ہو۔ بلکہ صرف زمین روک لینی چاہئے اور وہاں (بیت) کی حد بندی کر دینی چاہئے اور بانس وغیرہ کا کوئی چھپر وغیرہ ڈال دو کہ بارش وغیرہ سے آرام ہو۔ خدا تعالیٰ تکلفات کو پسند نہیں کرتا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد چند کھجوروں کی شاخوں کی تھی اور اسی طرح چلی آئی۔ پھر حضرت عثمانؓ نے اس لئے کہ ان کو عمارت کا شوق تھا، اپنے زمانہ میں اسے پختہ بنوایا''۔ (تو یہ بھی وہم نہیں ہونا چاہئے کہ صرف کچی (بیت) ہی، چھپر ہی ہوں۔ بلکہ پختہ ہی ہوں۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جیسا کہ میں نے پہلے حدیث سے ذکر کیا تھا حضرت عثمانؓ نے اس کی وضاحت بھی کی تھی)۔ فرمایا ''حضرت عثمانؓ نے اس لئے کہ ان کو عمارت کا شوق تھا، اپنے زمانہ میں اسے پختہ بنوایا۔ مجھے خیال آیا کرتا ہے کہ حضرت سلیمانؑ اور عثمانؓ کا قافیہ خوب ملتا ہے۔ شاید اسی مناسبت سے ان کو ان باتوں کا شوق تھا۔ غرضیکہ جماعت کی اپنی (بیت) ہونی چاہئے جس میں اپنی جماعت کا امام ہو اور وعظ وغیرہ کرے۔ اور جماعت کے لوگوں کو چاہئے کہ سب مل کر اسی (بیت) میں نماز باجماعت ادا کیا کریں۔ جماعت اور اتفاق میں بڑی برکت ہے۔ پراگندگی سے پھوٹ پیدا ہوتی ہے اور یہ وقت ہے کہ اس وقت اتحاد اور اتفاق کو بہت ترقی دینی چاہئے اور ادنیٰ ادنیٰ باتوں کو نظر انداز کر دینا چاہئے جو کہ پھوٹ کا باعث ہوتی ہیں۔''

(ملفوظات جلد چہارم۔ صفحہ 93 جدید ایڈیشن)

پھر آپ فرماتے ہیں:

''(بیت) کی اصل زینت عمارتوں کے ساتھ نہیں ہے بلکہ ان نمازیوں کے ساتھ ہے جو اخلاص کے ساتھ نماز پڑھتے ہیں۔ ورنہ یہ سب (بیوت) ویران پڑی ہوئی ہیں۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد چھوٹی سی تھی۔ کھجور کی چھڑیوں سے اس کی چھت بنائی گئی تھی اور بارش کے وقت چھت میں سے پانی ٹپکتا تھا (بیت) کی رونق نمازیوں کے ساتھ ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت میں دنیا داروں نے ایک .... بنوائی تھی۔ وہ خدا تعالیٰ کے حکم سے گرا دی گئی۔ اس مسجد کا نام مسجد ضرار تھا یعنی ضرر رساں۔ اس مسجد کی زمین خاک کے ساتھ ملا دی گئی تھی۔ (بیت) واسطے حکم ہے کہ تقویٰ کے واسطے بنائی جائیں۔''

(ملفوظات جلد چہارم صفحہ 491 جدید ایڈیشن)

اللہ تعالیٰ ہر احمدی کو توفیق دے کہ ہماری جو بھی (بیت) بنے اس کی خالص بنیاد تقویٰ اللہ پر ہو اور ہمیشہ ہمارا شمار اللہ تعالیٰ کے عبادت گزاروں میں سے ہو۔ اللہ تعالیٰ کے حضور جھکنے والے ہوں اور اپنی ساری مرادیں اور خواہشیں اس کے حضور پیش کرنے والے ہوں اور اس خدا کو سب قوتوں کا مالک اور سب طاقتوں کا سرچشمہ سمجھتے ہوں اور خالص اسی کے ہو جائیں۔ اور اسی کے حکم کے مطابق و موافق (بیوت) کو آباد کرنے والے بھی ہوں۔ یہ (بیت) بھی اور دنیا میں جہاں بھی جماعت کی (بیوت) ہیں اللہ کرے کہ وہ گنجائش سے کم پڑنے لگ جائیں۔ اور نمازیوں سے چھلک رہی ہوں۔ یاد رکھیں کہ .... اور احمدیت کی فتح اب ان (بیوت) کو آباد کرنے سے ہی وابستہ ہے۔ پس اے احمدیو! اٹھو! اور (بیوت) کی طرف دوڑو اور ان کو آباد کرو تا کہ الٰہی وعدوں کے مطابق ہم جلد از جلد .... اور احمدیت کی فتح کے دن دیکھ سکیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے اور یہ دن دیکھنے نصیب کرے۔

(روزنامہ الفضل 10 فروری 2004ء)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

سیدنا حضرت مسیح موعود کے جلیل القدر رفیق

حضرت مولانا عبدالکریم صاحب سیالکوٹی بحیثیت امام اور خطیب

مکرم محمود مجیب اصغر صاحب

حضرت مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی کا حضرت مسیح موعود کے رفقاء میں بہت نمایاں مقام ہے آپ جلسہ سالانہ کے چوٹی کے مقررین میں سے تھے آپ کی وفات کے بعد حضرت مسیح موعود نے ایک موقع پر فرمایا ''مولوی صاحب ہر تقریب اور ہر جلسہ پر یاد آجاتے ہیں۔ان کے سبب لوگوں کو فائدہ ہوتا تھا وہ بڑی زبردست تقریر کرنے والے تھے میں نے مقابلہ کر کے خوب دیکھا ہے ان کے اندر محبت اور اخلاص کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا''۔

(اخبار الحکم 30 نومبر 1905ء ص 2)

ایک موقع پر حضرت مسیح موعود نے فرمایا

''ان کے بیان میں ایک اثر ڈالنے والا جوش ہے اخلاص کی برکت اور نورانیت ان کے چہرہ سے ظاہر ہے''۔

(ازالہ اوہام۔روحانی خزائن جلد 3 ص 523)

حضرت مسیح موعود کی حیات طیبہ میں امام الصلوٰۃ اور خطیب کے فرائض عموماً حضرت مولوی نورالدین صاحب (جو بعد میں خلیفۃ المسیح الاول ہوئے) انجام دیا کرتے تھے لیکن حضرت مولوی عبدالکریم صاحب کی قادیان مستقل ہجرت کے بعد یہ فریضہ ان کے سپرد کر دیا گیا۔اس کا ذکر حضرت مولوی نورالدین صاحب نے خلافت کے منصب پر فائز ہوتے ہوئے ان الفاظ میں فرمایا

''میری پچھلی زندگی پر غور کرو۔میں کبھی امام بننے کا خواہش مند نہیں ہوا۔مولوی عبدالکریم صاحب مرحوم امام الصلوٰۃ بنے تو میں نے بھاری ذمہ داری سے اپنے تئیں سبکدوش خیال کیا تھا۔میں اپنی حالت سے خوب واقف ہوں اور میرا رب مجھ سے بھی زیادہ واقف ہے۔میں دنیا میں ظاہر داری کا خواہش مند نہیں اگر خواہش ہے تو یہ کہ میرا مولیٰ مجھ سے راضی ہو جائے۔''

(حیات نور مصنفہ شیخ عبدالقادر سابق سوداگرمل ص 332 طبع اول)

اس کی تفصیل حضرت مفتی محمد صادق صاحب نے اس طرح بیان کی ہے۔

''جب ابتداء میں میں قادیان گیا اور (بیت) مبارک میں صرف تین چار نمازی ہوا کرتے تھے اور حافظ معین الدین صاحب مرحوم نماز پڑھایا کرتے تھے۔

جب حضرت مولوی نورالدین صاحب ہجرت کر کے قادیان آگئے تو حضرت مسیح موعود نے انہیں اپنی (بیوت) میں پیش امام بنایا اور وہی نمازیں پڑھاتے رہے لیکن اس کے بعد جب حضرت مولوی عبدالکریم صاحب مرحوم بھی ہجرت کر کے قادیان آگئے تو حضرت مولوی نورالدین صاحب نے انہیں نماز کے واسطے آگے کر دیا اور پھر جب تک وہ زندہ رہے وہی پیش امام رہے لیکن حضرت مسیح موعود طبیعت کی کمزوری کے سبب (بیت) مبارک میں ہی جمعہ بھی پڑھ لیتے تھے اور چونکہ (بیت) مبارک میں سب لوگ سما نہ سکتے تھے اس واسطے جمعہ (بیت) اقصیٰ میں بھی بدستور ہوتا اور (بیت) اقصیٰ میں حضرت مولوی نورالدین صاحب جمعہ پڑھاتے تھے اور (بیت) مبارک میں حضرت مولوی عبدالکریم صاحب جمعہ پڑھاتے تھے اور گاہے حضرت مولوی عبدالکریم صاحب باہر گئے ہوئے ہوتے اور مولوی محمد احسن صاحب قادیان موجود ہوتے تو (بیت) مبارک میں وہ جمعہ پڑھاتے۔جب حضرت مولوی عبدالکریم صاحب مرحوم ہجرت کر کے قادیان چلے آئے تو وہی پیش امام نماز کے ہوتے رہے۔

حضرت مولوی عبدالکریم صاحب مرحوم اپنی قراءت میں ہمیشہ بسم اللہ سورۃ فاتحہ سے پہلے بالجہر پڑھتے تھے اور فجر اور مغرب اور عشاء کی آخری رکعت میں بعد رکوع عموماً بلند آواز سے بعض دعائیں .... پڑھا کرتے تھے اور حضرت مولوی صاحب کی عدم موجودگی میں جب کہ وہ سفر پر ہوں یا نماز میں کسی وجہ سے نہ آسکیں مولوی حکیم فضل الدین صاحب مرحوم اور گاہے عاجز راقم کو یا کسی اور صاحب کو امامت کے واسطے حضرت مسیح موعود حکم فرماتے تھے۔حضور خود کبھی پیش امام نہ بنتے تھے۔حضرت مولوی عبدالکریم صاحب کی وفات کے بعد حضرت مولوی نورالدین صاحب خلیفہ اول ہمیشہ پیش امام رہے''۔

(ذکر حبیب مصنفہ حضرت مفتی محمد صادق صاحب ص 22-23)

حضرت مولوی عبدالکریم صاحب کی آواز بڑی پُرشوکت تھی اور قرآن کریم پڑھنے کا انداز بہت پُرکشش تھا اس سلسلہ میں یہ امر قابل ذکر ہے کہ حضرت مسیح موعود کے دشمنوں نے حضور کے خلاف آپ پر حکومت کا باغی ہونے کا الزام لگایا حضرت مسیح موعود نے اس کا ازالہ کرنے کے لئے ''کشف الغطاء'' کے نام سے ایک رسالہ شائع کیا جس میں واضح کیا کہ بغاوت کا الزام محض افترا ہے مگر مخالفین نے حضرت مسیح موعود کے گھر پر چھاپہ ڈلوایا۔چنانچہ ایک انگریز کپتان پولیس اور انسپکٹر پولیس (رانا جلال الدین) سپاہیوں کا ایک دستہ لے کر اکتوبر 1898ء کے آخر میں شام کے وقت قادیان پہنچ گئے اور سپاہیوں نے حضرت اقدس کے مکان کا محاصرہ کر لیا۔کپتان اور انسپکٹر پولیس بیت مبارک کے کوٹھے پر چڑھ گئے حضور اطلاع ملنے پر باہر تشریف لائے تو کپتان پولیس نے کہا ہم آپ کی خانہ تلاشی کرنے آئے ہیں۔ہم کو خبر ملی ہے کہ آپ امیر عبدالرحمٰن خان والی افغانستان سے خفیہ ساز باز رکھتے اور خط و کتابت کرتے ہیں۔آپ نے فرمایا

''یہ بالکل غلط ہے ہم تو گورنمنٹ انگریزی کے عدل و انصاف اور امن اور مذہبی آزادی کے سچے دل سے معترف ہیں اور ہم (دین) کو بزور شمشیر پھیلانے کو ایک بہتان عظیم سمجھتے ہیں لیکن اگر آپ کو شک ہے تو آپ بے شک ہماری تلاشی لے لیں البتہ ہم اس وقت نماز پڑھنے لگے ہیں اگر آپ اتنا توقف کریں تو بہت مہربانی ہو گی'' کپتان پولیس نے کہا کہ آپ نماز پڑھ لیں پھر تلاشی ہو جائے گی۔

(تاریخ احمدیت جلد دوم ص 37)

حضرت مولوی عبدالکریم صاحب نے خود ہی مغرب کی نداء دی اور نماز کی امامت کروائی۔انہوں نے پہلی رکعت میں سورہ بقرہ کے آخری رکوع کی تلاوت کی انہوں نے اس خوش الحانی اور سوز و گداز سے قرآن پڑھا کہ نمازیوں کی چیخیں نکل گئیں۔انگریز کپتان خدا کا پُرشوکت کلام سن کر محو حیرت ہو گیا اور اس کی تمام غلط فہمیاں دور ہو گئیں جونہی حضرت مولوی صاحب نے سلام پھیرا تو وہ اٹھ کھڑا ہوا اور حضرت مسیح موعود سے کہنے لگا۔

''مجھے یقین ہو گیا ہے کہ آپ ایک راستباز اور خدا پرست انسان ہیں اور جو کچھ آپ نے کہا ہے وہ بالکل سچ ہے آپ لوگ جھوٹ بول نہیں سکتے۔یہ دشمنوں کا آپ کے متعلق غلط پروپیگنڈا تھا۔پس خانہ تلاشی کی کوئی ضرورت نہیں۔میں رخصت ہوتا ہوں''

(تاریخ احمدیت جلد دوم ص 37)

یہ تو حضرت مولوی عبدالکریم صاحب کی نماز کی امامت کروانے کا ایک واقعہ ہے۔آپ کے خطبات کا بھی ایک خاص رنگ تھا۔حضرت مصلح موعود نے ان کے ایک رشتہ دار کے خطبہ نکاح میں فرمایا۔

''(بیت) مبارک کے پرانے حصہ کی اینٹیں اب بھی ان کی زوردار تقریروں سے گونج رہی ہیں''۔

حضرت مولوی عبدالکریم صاحب اپنے خطبات اور تقاریر میں حضرت مسیح موعود کا کثرت سے ذکر کرتے تھے۔حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

''جن لوگوں نے ان کے خطبات سنے ہیں وہ یہ بات جانتے ہیں کہ ان میں بجز میرے حالات اور ذکر کے اور کچھ نہ ہوتا تھا بلکہ بعض اوقات میں نے سنا کہ بعض آدمی اس امر کو کسی حد تک پسند نہیں کرتے مگر وہ بجز اس کے اور کچھ کہنا نہ چاہتے تھے۔''

(الحکم 30 نومبر 1905ء ص 2)

حضرت مولوی عبدالکریم صاحب کے بعض خطبات ''خطبات کریمیہ'' کے نام سے شائع شدہ ہیں۔ایک خطبہ میں انہوں نے رسولوں پر ایمان کی اہمیت ان کے دل و جان سے قبول کرنے کی تلقین، حضور کے مامور و مرسل ہونے اور آپ کے ماننے والوں کا مقام منعم علیھم کا مورد ہونے کا آئندہ کے لئے امکان اور حکم و عدل حضرت مسیح موعود کی اعلیٰ شان کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا

''میں اس وقت حضرت امام کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ اگر میں غلو کر رہا ہوں اور میری زبان حق کے بیان کرنے میں کجی اور ناانصافی کی طرف جا رہی ہے تو میرے بیان کی اس وقت اصلاح کر دیں اور سامعین خطبہ پر اس وقت کھول دیں کہ میں نے غلط بیان کیا ہے۔مگر میں خدا تعالیٰ کے فضل سے بصیرت کے ساتھ کہتا ہوں کہ میں حق بیان کر رہا ہوں میری روح امام کے علوم کے مے سے سرشار ہو کر یہ پاک ندیاں بہا رہی ہے اور میں یقیناً جانتا ہوں کہ میں اس وقت خود حضرت امام کی زبان ہوں''

جب یہ خطبہ مرتب کر کے حضرت مولوی عبدالکریم صاحب نے اخبار الحکم کو دیا تو آخر میں لکھا ''تحدیث بالنعمت کے طور پر میں یہ بھی لکھنا ضروری سمجھتا ہوں کہ بعد نماز جمعہ کے حضرت اقدس سے کچھ عرض کرنے کے لئے اندر گیا بعد اِدھر اُدھر کے ذکر کے میں نے خطبہ کی نسبت آپ سے پوچھا۔فرمایا

''یہ بالکل میرا مذہب ہے جو آپ نے بیان کیا'' اور فرمایا ''یہ خدا تعالیٰ کا فضل ہے کہ آپ معارف الٰہیہ کے بیان میں بلند چٹان پر قائم ہو گئے ہیں''۔

(الحکم 24/اگست 1900ء ص 12)

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں۔

’’حضرت مسیح موعود کے زمانہ میں حضرت مولوی عبدالکریم صاحب نمازیں پڑھایا کرتے تھے ان کا لہجہ بڑا عمدہ تھا آواز بڑی بلند تھی اور ان کی تقریر میں بڑا جوش پایا جاتا تھا‘‘۔

(تفسیر کبیر جلد پنجم سورۃ مریم ص 240)

اسی طرح حضرت مصلح موعود اپنے بچپن کے خیالات کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔’’میں ان کے پُر زور خطبوں کا مداح تھا اور ان کی محبت اور ان کی محبِّ مسیح موعود کا معتقد تھا‘‘

(الحکم جوبلی نمبر دسمبر 1939ء ص 11)

حضرت مولوی شیر علی صاحب روایت کرتے ہیں۔

’’حضرت مولوی عبدالکریم صاحب نماز پڑھایا کرتے تھے اور حضرت صاحب ساتھ کھڑے ہوتے تھے دوسرے دونوں کمروں میں نمازی ہوتے تھے حضرت صاحب کھڑکی میں سے بیت الفکر کمرہ سے باہر تشریف لایا کرتے تھے عموماً حضرت مولوی صاحب کا انتظار فرمایا کرتے تھے۔ بیٹھ جاتے تھے‘‘۔

(سیرت حضرت مولانا شیر علی صاحب مرتبہ ملک نذیر احمد صاحب ریاض مطبوعہ 1955ء نمبر 377)

حضرت مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی کو جلسہ مذاہب اعظم میں حضرت اقدس کا مضمون ’’اسلامی اصول کی فلاسفی‘‘ پڑھنے کا موقع ملا اخبار چودھویں صدی راولپنڈی نے اپنی اشاعت یکم فروری 1897ء میں لکھا ’’ان لیکچروں میں سب سے عمدہ اور بہترین لیکچر جو جلسہ کی روح رواں تھا مرزا غلام احمد قادیانی کا لیکچر تھا جس کو مشہور فصیح البیان مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی نے نہایت خوبی اور خوش اسلوبی سے پڑھا۔ یہ لیکچر دو دن میں تمام ہوا 27 دسمبر کو قریباً چار گھنٹے اور 29 کو دو گھنٹے تک ہوتا رہا۔ کل چھ گھنٹے میں یہ لیکچر تمام ہوا جو حجم میں سو صفحہ کلاں تک ہوگا۔

غرضیکہ مولوی عبدالکریم صاحب نے یہ لیکچر شروع کیا اور کیسا شروع کیا کہ تمام سامعین لٹو ہوگئے۔ فقرہ فقرہ پر صدائے آفرین وتحسین بلند تھی اور بسا اوقات ایک ایک فقرہ کو دوبارہ پڑھنے کے لئے حاضرین سے فرمائش کی جاتی تھی۔ عمر بھر کانوں نے ایسا خوش آئند لیکچر نہیں سنا.........

(اخبار چودھویں صدی راولپنڈی یکم فروری 1897ء ص 4 کالم 1 بحوالہ تاریخ احمدیت جلد اول ص 567)

حضرت مسیح موعود حضرت مولوی عبدالکریم صاحب کے غیر معمولی کامیابی کے ساتھ اپنا یہ مضمون پڑھنے پر بہت خوش ہوئے اور ایک موقع پر فرمایا

’’اس روز ہماری جماعت کے بہادر سپاہی اور (۔) کے معزز رکن حِبّی فی اللہ مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی نے مضمون کے پڑھنے میں وہ بلاغت فصاحت دکھلائی کہ گویا ہر لفظ میں ان کو روح القدس مدد دے رہا تھا‘‘

(انجام آتھم روحانی خزائن جلد 11 ص 316)

حضرت مسیح موعود کا ’’لیکچر لاہور‘‘ 3 ستمبر 1904ء کو پڑھنے کی سعادت بھی حضرت مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی کو نصیب ہوئی پورے لیکچر کے دوران سامعین پر سناٹا چھایا رہا۔

لیکچر کے اختتام پر خواجہ کمال الدین صاحب نے حضرت مسیح موعود کو اپنی زبان مبارک سے کچھ بیان کرنے کی بار بار درخواست کی حضور ناسازی طبع کے باوجود تقریر کے لئے کھڑے ہوئے لیکن لوگوں نے شور مچا دیا پولیس افسران کی کوشش کے باوجود خاموشی نہ ہوئی حضور کھڑے رہے مگر حضرت مولوی عبدالکریم صاحب نے بیٹھے بیٹھے تلاوت شروع کر دی اور سورۃ الفرقان کا آخری رکوع پڑھنا شروع کیا تلاوت شروع ہوتے ہی خاموشی ہوگئی اور تلاوت ختم ہونے پر حضور نے ایک مختصر لیکن مسکت خطاب فرمایا۔

حضرت مسیح موعود کا ’’لیکچر سیالکوٹ‘‘ (2 نومبر 1904ء) پڑھنے کی سعادت بھی حضرت مولوی عبدالکریم صاحب کے حصہ میں آئی انہوں نے مسحور کن انداز میں پہلے قرآن کریم کی چند آیات کی تلاوت کی اور پھر حضرت مسیح موعود کا لیکچر پڑھنا شروع کیا۔

حضرت مسیح موعود نے جابجا آپ کے انداز خطابت کی تعریف فرمائی ہے چنانچہ حضرت مسیح موعود ازالہ اوہام میں تحریر فرماتے ہیں۔

’’ان کے بیان میں ایک اثر ڈالنے والا جوش ہے اخلاص کی برکت اور نورانیت ان کے چہرہ سے ظاہر ہے‘‘

(ازالہ اوہام۔ روحانی خزائن جلد 3 ص 523)

مرقاۃ الیقین کے واقعات املاء کرواتے ہوئے 10؍ اگست 1908ء کو حضرت خلیفۃ المسیح اول ال نے فرمایا

’’مولوی عبدالکریم صاحب جب پہلے پہل مجھ سے ملے تو ان کی بہت چھوٹی عمر تھی۔ پتلے دبلے اور بہت صاف دل تھے۔ میں نے ان سے جموں میں کہا کہ تم میرے پاس آیا کرو۔ مولوی عبدالکریم صاحب چار زبانیں جانتے تھے انگریزی، عربی، فارسی، اردو، میں نے تو اس وقت تک اپنی جماعت میں کوئی شخص دیکھا نہیں جو ان کی طرح چار زبانیں اچھی طرح جانتا ہو‘

(مرقاۃ الیقین فی حیات نورالدین ص 255)

حضرت پیر سراج الحق صاحب نعمانی بیان کرتے ہیں کہ مولوی (عبدالکریم) صاحب کا پڑھنا عجیب و غریب پڑھنا ہوتا تھا۔ فارسی پڑھتے تو بالکل فارسیوں کے لب ولہجہ میں کہ گویا کوئی ایرانی یا شیخ سعدیؒ و نظامیؒ وغیرہ بول رہے ہیں اور جو اردو پڑھتے تو اسی لب ولہجہ میں اور جو عربی پڑھتے تو بالکل عرب معلوم ہوتے تھے اور جو پنجابی نظم ونثر پڑھتے تو ہو بہو پنجابی ادا میں اور جو انگریزی پڑھتے تو عین انگریزی طرز میں پڑھتے تھے کہ گویا ایک یورپین انگریز بول رہا ہے اور جو قرآن شریف پڑھتے تو بالکل عرب معلوم ہوتے تھے اور جو وعظ یا خطبہ پڑھتے تو اس میں کمال تھا کہ سننے والے ذوق وشوق میں محو و مستغرق ہو جاتے تھے اور آپ کی تحریر تو بے نظیر تھی وہ تو موجود ہی ہے اس کا بیان کیا ہو سکتا ہے پڑھنے والوں پر خود ظاہر ہے‘‘۔

(تذکرۃ المہدی ص 19)

حضرت مسیح موعود کو حضرت مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی اور حضرت مولوی نورالدین صاحب سے بہت پیار تھا۔ اپنے ایک مکتوب میں حضرت مسیح موعود نے ان کو تحریر فرمایا

’’میری جماعت میں آپ دو ہی آدمی ہیں جنہوں نے میرے لئے اپنی زندگی دین کی راہ میں وقف کر دی ہے ایک آپ ہیں اور ایک مولوی حکیم نورالدین صاحب۔ ابھی تیسرا آدمی پیدا نہیں ہوا‘‘۔

(سیرت مسیح موعود مصنفہ حضرت مولوی عبدالکریم بحوالہ سیرت مسیح موعود مصنفہ شیخ یعقوب علی عرفانی ص 189)

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی اپنے بچپن کا ذکر کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں ’’ان دنوں میں یہ بحثیں خوب ہوا کرتی تھیں کہ حضرت مسیح موعود کا دایاں فرشتہ کون سا ہے اور بایاں کون سا؟ بعض کہتے مولوی عبدالکریم صاحب دائیں ہیں بعض حضرت استاذی المکرّم خلیفہ اول کی نسبت کہتے ہیں کہ وہ دائیں فرشتے ہیں۔ علموں اور کاموں کا موازنہ کرنے کی اس وقت طاقت نہ تھی اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ اسی محبت کی وجہ سے جو خلیفہ اول مجھ سے کیا کرتے تھے میں نورالدینیوں میں سے تھا۔ ہم نے ایک دفعہ حضرت مسیح موعود سے بھی دریافت کیا اور آپ نے ہمارے خیال کی تصدیق کی‘‘۔

(سوانح فضل عمر حصہ اول مصنفہ حضرت مرزا طاہر احمد صاحب خلیفۃ المسیح الرابع ص 306-307)

ڈاکٹر بشارت احمد صاحب مؤلف مجدد اعظم تحریر فرماتے ہیں۔

’’انبالہ میں 1903ء میں ایک بہت بڑے عالم مولوی محمد حسن صاحب ہوتے تھے انہوں نے خاکسار مؤلف سے بیان کیا کہ سہارن پور کے تین صوفی منش مولوی جن میں مولوی خلیل الرحمٰن صاحب بھی تھے قادیان گئے۔ بیعت تو نہ کی لیکن واپسی پر جب مجھے ملے تو کہنے لگے کہ ہم حضرت مرزا صاحب سے ملنے قادیان گئے تھے۔ ایک بات وہاں ایسی لاجواب دیکھی کہ جس سے ہم لوگ بے حد متاثر ہوئے وہ یہ کہ بیت مبارک میں جب نماز کا وقت آیا تو جماعت کھڑی ہوئی۔ مولوی عبدالکریم صاحب امام تھے۔ ہم نے چونکہ ان کی اقتداء میں نماز نہیں پڑھنی تھی اسی لئے .... سے چلنے لگے۔ سیڑھیوں پر پہنچے تو مولوی عبدالکریم صاحب کی قراءت شروع ہوگئی۔ وہ عجیب و غریب قرآن سن کر ہم مبہوت ہو گئے اور مڑ کر بیت میں جماعت کو دیکھنے لگے۔ اب یہ عالم تھا کہ ایک طرف قرآن پڑھا جا رہا تھا اور ساری جماعت پر ایسا خشوع وخضوع اور سوز وگداز طاری تھا کہ وہ جناب الٰہی کے آستانہ پر تڑپتی نظر آرہی تھی اور دوسری طرف ان کی تڑپ اور سوز وگداز کو دیکھ کر ہم وہیں سیڑھیوں پر تڑپ رہے تھے وہ کیفیت نہیں بھولتی‘‘۔

(مجدد اعظم حصہ دوم ص 1347-1348)

حضرت مولانا ذوالفقار علی گوہر صاحب نے آپ کی وفات پر اپنے منظوم کلام میں آپ کے طرز خطابت کا ذکر اسی طرح کیا

تیری تقریریں معانی خیز و دلکش دل پسند
وہ تیری معجز بیانی بے نظیر و بے مثال
مرنے والے پر خدا کی رحمتیں ہوں تا ابد
رہنے والوں کو مناسب ہے بنیں نقش قدم

آسمانوں سے آپ کے امام اور اعلیٰ پائے کے خطیب ہونے کا مژدہ حضرت مسیح موعود کو الہام الٰہی کے ذریعے ملا جس کا حضور نے کئی مقامات کا ذکر کیا آپ کی وفات پر حضور نے ایک عظیم الشان اور بے نظیر فارسی نظم لکھی اور اسے ایک لوح پر کندہ کروا کے آپ کے مزار مبارک پر کتبہ لگوا دیا اس کا ایک شعر یہ ہے۔

حامی دیں آنکہ یزداں نام او لیڈر نہاد
عارف اسرار حق گنجینہ دین قویم

(ترجمہ وہ دین حق کا حامی تھا اس کا خدا نے نام اور لیڈر رکھا تھا وہ خدائی اسرار کا عارف تھا اور دین متین کا خزانہ تھا)

حضرت مولوی عبدالکریم صاحب کی ولادت 1858ء کی ہے۔ 23 مارچ 1889ء کو آپ نے حضرت مسیح موعود کی بیعت کی۔ حضرت مسیح موعود نے پہلے ان کا ہاتھ حضرت مولوی نورالدین صاحب کے ہاتھ میں رکھا اور ان ہر دو کو اپنے ہاتھ میں لیا۔ تب ان سے بیعت کے الفاظ کہلوائے۔

(بحوالہ ذکر حبیب مولفہ مفتی محمد صادق صاحب ص 9)

بہت تھوڑے عرصہ میں غیر معمولی اور عظیم الشان قابل رشک خدمات دینیہ بجالا کر 47 سال کی عمر میں 11؍ اکتوبر 1905ء کو بروز بدھ دن کے اڑھائی بجے ان کی وفات ہوئی۔ اسی روز شام کے وقت حضرت مسیح موعود نے ان کی نماز جنازہ پڑھائی اور ایک لکڑی کے صندوق میں انہیں امانتاً دفن کیا گیا اور بہشتی مقبرہ قادیان کے قیام پر اسی سال جلسہ سالانہ کے موقع پر 26 دسمبر 1905ء کو نماز ظہر وعصر کے بعد ان کا تابوت قبر سے نکالا گیا اور اگلے روز 27 دسمبر 1905ء کو صبح دس بجے حضرت مسیح موعود نے دور ونزدیک سے آئے ہوئے متعدد احمدیوں کے ساتھ ان کی نماز جنازہ پڑھائی اور بہشتی مقبرہ میں انہیں سپرد خاک کیا اسی مقدس زمین کے ٹکڑے میں جہاں اب خود حضرت مسیح موعود اور حضرت خلیفہ اول مدفون ہیں۔

(ماخوذ از حیات طیبہ مؤلفہ شیخ عبدالقادر صاحب سابق سوداگر مل ص 297)

اے خدا برتربت او بارش رحمت ہا ببار
داخلش کن از کمال فضل در بیت النعیم

☆☆☆

بچوں کی بیماریاں اور ان کا علاج

پیٹ میں کیڑے

وجوہات

بچوں میں پیٹ کے کیڑوں کی کئی وجوہات ہو سکتی ہیں۔

بنیادی وجہ صفائی میں نقدان ہوتا ہے مثلاً بچوں کے فیڈر، چوسنی دوسرے کھانے کے برتن، پھل سبزیاں نیز بچوں کے ہاتھ مکھیوں وغیرہ سے آلودہ ہو جاتے ہیں۔ بغیر ابلے پانی میں بھی بے شمار جراثیم اور کیڑے ہوتے ہیں جو پیٹ میں کیڑوں نیز اسہال کا موجب بنتے ہیں۔ جو بچے صرف بکری کا دودھ پیتے ہیں ان میں فولک ایسڈ (Folic Acid) کی کمی ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے خون میں کمی ہو جانے کے باعث بچے مٹی کھانے لگتے ہیں جس سے پیٹ میں کیڑے پیدا ہو جاتے ہیں۔

علامات و پیچیدگیاں

☆ خون کی کمی کی وجہ سے رنگ پیلا نظر آتا ہے۔ کیونکہ پیٹ کے کیڑے خون چوستے ہیں۔

☆ بھوک بہت کم یا بہت زیادہ لگنے لگتی ہے۔

☆ بچہ چڑچڑا، سست نیز کھانسی اور اسہال کا شکار رہتا ہے۔

☆ فولاد کی کمی شدید ہو تو دل کے افعال بری طرح متاثر ہوتے ہیں۔

بچاؤ کے طریق اور علاج

☆ بچوں کو پیٹ کے کیڑوں سے بچانے کے لئے صفائی اور دیگر احتیاطوں کے علاوہ خون کی کمی کا شکار نہ ہونے دیں۔

☆ جو بچے صرف ماں کا دودھ پیتے ہوں ان کو چھ ماہ کی عمر سے نرم غذائیں جن میں فولاد اور فولک ایسڈ اور وٹامن B.12 موجود ہوں مثلاً گوشت، انڈے، پالک اور پھل دیں سبزیوں کو گوشت میں ملا کر سوپ بنائیں یا سوپ کو دلیے اور کھچڑی میں ملا کر دیں۔

☆ جیسے ہی بیماری کی علامات محسوس کریں فوراً ڈاکٹر کو دکھائیں۔ اس بیماری کو معمولی نہ سمجھیں ڈاکٹر کی ہدایات پر عمل کریں۔ ہومیو پیتھک، علاج بھی بہت مفید اور مؤثر ہوتا ہے۔

بھوک نہ لگنا

جب بچے کی عمر ایک سال سے بڑھنے لگتی ہے تو اکثر ماؤں کو احساس ہوتا ہے کہ بچے کو جتنی خوراک کی ضرورت ہے وہ نہیں لے رہا۔

اگر بچہ بظاہر صحیح کھا رہا ہے اور اچانک اس کی خوراک کم ہو جائے تو ہو سکتا ہے یہ کسی بیماری کی ابتدائی علامات ہو۔ مثلاً گرم موسم، منہ کے چھالے، ٹانسلز، گلے کی خرابی، اداسی یا جذباتی زیر و بم وغیرہ۔

اگر بچہ وقتی بیماری کے زیر اثر ہو تو دودھ، جوس اور پانی وغیرہ کا زیادہ استعمال کروائیں کیونکہ جسم میں پانی کی کمی غذا کی کمی کے مقابلے میں کہیں زیادہ خطرناک ہو سکتی ہے۔

بچوں کو میٹھی چھالیا، پیکٹس میں بند چپس، چیونگم، بسکٹ، مٹھائیاں، ٹافیاں، تیز مصالحے دار اور چٹ پٹی اشیاء کی "عادت کبھی بھی نہ ڈالیں"۔ کیونکہ ان سے بچے کی بھوک مٹ جاتی ہے۔ اور غذا کھانے کی رغبت کم ہو جاتی ہے۔ اس لئے بچے کی غذائی ضروریات پوری نہیں ہوتیں۔ نیز اس کی نشوونما بھی معیار کے مطابق نہیں ہو پاتی۔

نفسیاتی پہلو

بعض اوقات بچہ کھانے سے انکار کر کے گھر والوں کی توجہ اپنی طرف مبذول کرانا چاہتا ہے اور کامیابی پر خوش بھی بہت ہوتا ہے اسی لئے اپنی حرکت بار بار دہراتا رہتا ہے۔

☆ بڑھتی ہوئی عمر میں بچے اپنے کھیل میں کسی قسم کی مداخلت برداشت نہیں کرتے لہٰذا وہ کھانا کھانے سے انکار کر دیتے ہیں۔

احتیاط

بچے کو کھانا کھلانے کے لئے زبردستی نہ کریں۔

☆ آدھ گھنٹے تک اگر وہ کھانے کے لئے نہ آئے تو کھانا واپس رکھ دیں۔

☆ ایک بچے کی روزانہ کی خوراک میں فرق آ سکتا ہے کبھی تو وہ ایک ہی کھانا روز کھانا پسند کرے گا کبھی اسی کو کھانے سے انکار کر دے گا۔

☆ آپ کی محنت سے پکائے ہوئے مزیدار کھانے سے اگر بچہ کھانے کے دوران جلد بازی یا سستی کا مظاہرہ کرے تو اسے برا بھلا کہنے سے اس کا کھانے پینے اور کھانے کے اوقات سے دل اُچاٹ ہو سکتا ہے۔ اس لئے بہتر ہے کہ گھبرانے کی بجائے دعا کریں۔

آپ صرف اس بات کا خیال رکھیں کہ کھانوں کے وقفے کے دوران لگنے والی بھوک میں صحت بخش غذا مثلاً جوس، دودھ، دہی، پنیر، تازہ پھل وغیرہ دیں۔

اگر آپ کا بچہ صحت بخش غذا تھوڑے وقفوں سے لے رہا ہے اگرچہ کم ہی سہی اور بفضل خدا تندرست اور ایکٹو (Active) ہے نیز اس کے قد اور وزن میں معمول کے مطابق اضافہ ہو رہا ہے تو پھر فکر کی کوئی بات نہیں۔

نظر کی کمزوری

علامات

بچوں میں نظر کی کمزوری کا اظہار اس طرح سے ہوتا ہے کہ وہ کسی چیز کو بہت قریب اور غور سے دیکھتے ہیں۔ اکثر سر میں درد ہوتا ہے سکول میں تختہ سیاہ یا تختہ سفید پر لکھے ہوئے الفاظ صاف دکھائی نہیں دیتے۔ گھر میں خاص طور پر T.V کے بے حد قریب بیٹھ کر دیکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔

احتیاط

1۔ بچے جب باہر سے کھیل کر آئیں تو ان کے منہ اور ہاتھ لازماً دھلوائیں۔ 2۔ اگر کسی وجہ سے آنکھ سوج گئی ہے، سرخی مائل، چپکنے لگے یا آنکھوں سے پانی نکلے تو اپنی طرف سے کوئی دوا استعمال نہ کریں۔ بلکہ ڈاکٹر سے مشورہ کریں۔ 3۔ پڑھائی لکھائی کے لئے مناسب روشنی کا انتظام کریں بہت تیز یا ہلکی روشنی بینائی کے لئے سخت نقصان دہ ہے۔ 4۔ روشنی اس طرح سے آنی چاہئے کہ کتاب پر سایہ نہ پڑے۔ 5۔ لیٹ کر یا چلتی گاڑی میں اور بیماری کے فوراً بعد زیادہ مطالعہ کتب درست نہیں۔ 6۔ اسی طرح مسلسل T.V دیکھنا یا کمپیوٹر کے آگے بیٹھنا بھی بینائی کے لئے سخت نقصان دہ ہے۔

علاج

جیسے ہی احساس ہو کہ خدانخواستہ بچے کی نظر کمزور ہو رہی ہے تو فوراً ماہر امراض چشم سے معائنہ کروائیں۔ علاج کے لئے بچوں کو خاص قسم کی عینک پہنائی جاتی ہے۔ شروع کی کمزوری نظر دواؤں سے درست ہو سکتی ہے۔ غذا میں گاجر، سونف اور بادام کا اکثر استعمال بینائی پر اچھا اثر ڈالتے ہیں۔

یہ ایک متعدی مرض ہے۔ چھوٹے بچے اس مرض میں زیادہ مبتلا ہوتے ہیں۔ یہ مرض عموماً ساری عمر میں ایک مرتبہ ہی ہوتا ہے۔

علامات

اس مرض میں پہلے ہلکا بخار ہوتا ہے۔ دوسرے دن سرخ رنگ کے دانے نکل آتے ہیں۔ ایک دن کے اندر اندر دانوں میں رطوبت بھر جاتی ہے۔ اس مرض کا (Incubation Period) یعنی لگنے یا پھیلنے کا زمانہ دس یوم تا بیس یوم ہوتا ہے۔ دانے بے قاعدہ نکلتے ہیں اس لئے مرض دور ہونے میں بھی دیر لگتی ہے۔

حفاظتی اقدامات

مریض کو علیحدہ کمرہ میں رکھیں اور کم سے کم لوگ اس کے پاس جائیں۔ کمرے میں تازہ ہوا کا گزر ہونا چاہئے لیکن مریض کو ٹھنڈی ہوا سے بچائیں۔ نرم غذا استعمال کروائیں۔ دانے چھیلنے، تیز نمک مرچ نیز مصالحہ کے استعمال سے پرہیز کریں۔ آرام آنے پر مریض کو گھی یا تیل کی مالش کے بعد نہلائیں اس سے خارش کو بھی فائدہ ہوگا۔ دھوپ سے بچائیں جسم کی صفائی کا خاص خیال رکھیں جہاں دانے نہ ہوں گیلی روئی سے اس جگہ کو صاف کریں۔ جلد کو کھجاؤ سے بچائیں۔

علاج

ڈاکٹر سے معائنہ کروائیں اور ہدایات پر عمل کریں۔

قبض کا مرض

علامات

☆ پاخانہ سخت ہو جاتا ہے جلن اور تکلیف سے آتا ہے۔

☆ معمول کی رفع حاجت کا وقفہ بڑھ جانا، پاخانہ کا نہ آنا، کم آنا یا حاجت کا محسوس ہی نہ ہونا۔

☆ بے چینی سر درد، پیٹ کا درد، اپھارہ، ریح کا پیٹ میں پیدا ہونا اور الٹی آنا بھی قبض کی علامت ہو سکتی ہے۔

☆ مریض کا مزاج چڑچڑا بچوں کا مزاج ضدی ہو جانا۔

☆ بعض بچوں میں قدرتی طور پر پاخانہ دو یا تین دن کے بعد آ سکتا ہے۔ لیکن اگر نوزائیدہ بچے پاخانہ زور لگا کر کریں یا پاخانہ گولیوں کی طرح ہو تو یقیناً متفکر ہونے کی بات ہے۔

پیچیدگیاں

مستقل قبض رہے تو بواسیر (Piles) ہو جاتی ہے، اپنڈی سائٹس آنتوں کا ایک دوسرے کے اندر چلے جانا، آنتوں میں رکاوٹ، گھبراہٹ، دل کا مصنوعی دورہ وغیرہ شامل ہیں۔

وجوہات

☆ اعصابی تناؤ۔ ☆ بہت زیادہ مرغن اور چٹ پٹی غذا۔ ☆ سبزیوں اور اناج کا چھلکا کھانے میں استعمال نہ کرنا۔ ☆ پانی کم پینا۔ ☆ دیر تک بیٹھ کر کام کرنا۔ ☆ ورزش نہ کرنا۔ ☆ خواتین میں ہارمونز کی تبدیلی۔ ☆ بلاوجہ رفع حاجت کو روکے رکھنا۔ ☆ قبض کشا ادویات کا ضرورت سے زائد استعمال۔ ☆ ماں کا دودھ پینے والے بچوں میں ماں کی دواؤں اور غذاؤں کا استعمال۔ ☆ نوزائیدہ بچوں میں آنت کو جوڑنے والی نالی کا بند یا بہت زیادہ تنگ ہو جانا۔ ☆ بعض مائیں بچوں کو سلانے کے لئے افیون یا خواب آور ادویات دے کر سلائے رکھتی ہیں جس سے قبض ہو جاتی ہے۔ ☆ بچوں کی ناقص، کم یا غیر متوازن غذا۔ ☆ بعض بیماریوں کے دوران بھی قبض ہو سکتی ہے۔

علاج

☆ مریض کو چاہئے کہ غذا میں سلاد، سبزیاں، پھل جیسے پپیتا، آم، انجیر کا استعمال زیادہ رکھیں۔

☆ اسپغول کا چھلکا استعمال کریں۔

ماخوذ

کُشتی
برصغیر پاک وہند کا ایک پرانا فن

برصغیر پاک وہند میں کشتی کے اس شوق کو اس قدر فروغ حاصل ہوا کہ آج برصغیر کی تاریخ کی ورق گردانی کی جائے تو تاریخ کے صفحات پرانے پہلوانوں سے بھرے پڑے ملتے ہیں۔ تاریخ سے ثابت ہو چکا ہے کہ دنیا کے بہترین پہلوان اسی براعظم میں پیدا ہوئے۔ ان پہلوانوں نے کشتی کو ایک اعلیٰ فن کی حیثیت سے پیش کیا اور اس فن کی ایسی روایات قائم کی کہ جن کی مثال تاریخ سے نہیں ملتی۔

قیام پاکستان سے قبل برصغیر پاک و ہند میں پہلوانی کے ذوق وشوق کا یہ عالم تھا کہ بڑے بڑے شہروں کے علاوہ قصبوں اور گاؤں تک میں کشتی کے اکھاڑے قائم تھے۔ اکھاڑے کے آداب میں شامل تھے کہ اکھاڑے میں جوتے سمیت داخل نہ ہونا پانی کا چھڑکاؤ کرنا مٹی کھودنا، ڈھیلے توڑنا، روڑے نکالنا، جمعرات کو چھٹی کرنا پورے جسم پر سرسوں کے تیل کی مالش کرنا، اکھاڑوں کی وجہ سے پنجاب کے جوانوں کی صحت تومندی قابل دید تھی۔ اکھاڑا نرم مٹی کا تیس فٹ چوڑا اور تیس فٹ لمبا مربع شکل کا جو زمین کی ایک فٹ کھدائی کر کے بنایا جاتا پھر سہاگہ لے کر ایک یا دو پہلوان سہاگے کے اوپر بیٹھ جاتا ہے اور شہ زور پہلوان سہاگہ کو رسیوں کی مدد سے زور سے کھینچتا ہے اس طرح اکھاڑے کی جگہ ایک جیسی ہو جاتی ہے پھر اکھاڑے میں زور آزمائی شروع ہو جاتی ہے۔

کشتی کے ماہر فن پہلوانوں کی تین دفیں بہت مشہور ہیں۔ پہلی دف کوٹ کہلاتی ہے، گاماں رستم زماں کا اس دف سے تعلق تھا۔ اس دف کا قیام راجہ رنجیت سنگھ کے عہد میں ہوا تھا۔ دوسری مشہور دف کالو کی دف ہے اور تیسری دف نورا کہلاتی ہے۔ اس دف نے طے شدہ کشتیوں کو رواج دیا۔

پہلوانوں کو سکھائے جانے والے جارحانہ داؤ پیچوں کی تعداد 360 ہے اور ان کے 360 ہی دفاعی داؤ یعنی توڑ ہیں۔ یہ سارے داؤ پیچ یاد رکھنا اور ان میں مہارت پیدا کرنا ہر کسی کے بس کی بات نہیں۔ چنانچہ اکثر پہلوان بہت کم داؤ استعمال کر سکتے ہیں۔ لیکن کسی ایک داؤ میں مہارت تامہ پیدا کر لیتے ہیں۔ ہم عصر یا ہم وزن پہلوان ایک دوسرے کے مدمقابل یعنی حریف خیال کئے جاتے ہیں، ان کے مقابلے کے دن اور وقت کا باقاعدہ ڈھول پیٹ کے اعلان ہوتا ہے بڑے بڑے دنگلوں کے ضمن میں دنگل کے ٹھیکیدار ایک روز پہلے تمام پہلوانوں کو پگڑی یا پٹکے اور دیسی لباس پہنا کر جلوس کی شکل میں شہر بھر میں گھماتے پھراتے تھے اور ان کے ساتھ ساتھ گھنٹیاں، چھینے اور ڈھول بجانے والے بھی سرگرم عمل چلتے تھے اسے دنگل کا چلتا پھرتا ہوا بہترین اشتہار کہا جا سکتا ہے۔

پہلوان لنگر لنگوٹ کس کے میدان میں آتے ہیں اپنے بدن پر مٹی ڈالتے ہیں اور ڈنڈ ٹھوک (خم ٹھوک) کے آمنے سامنے آتے ہیں اور جوڑ (مقابلہ) خلیفہ (منصف) کے حکم سے شروع ہوتا ہے۔ سب سے پہلے "ہتھ جوڑی" ہوتی ہے۔ پہلوان ہاتھ ملانے کے بعد پیچھے ہٹ جاتے ہیں اور پھر دست پنجہ لیتے ہیں یعنی پنجے لڑاتے ہیں اور انگلیاں مروڑتے ہیں نہایت تیزی اور پھرتی سے ایک سے ایک بڑھ کر داؤ آزمائی کی کوششیں کرتے ہوئے ڈھول چیت بھی لگا دیتے ہیں۔ تاکہ حریف جلدی غصے میں آئے اور داؤ کا موقع دے کر، وہ پینترے بدل بدل کے داؤ پیچ مثلاً پکڑ، دھکا، جھاڑ، دستی ٹھی، باہرلی، اندرلی، لانگڑی، ڈھاک، دھوبی پڑا، کمر پٹک، قلاجنگ، کچھان پھرنیاں، چھڑ کنا، لپیٹ، قینچی پچھاڑ یا سواری جیسے سیکھے ہوئے مشہور داؤ مار کے اپنے حریف کو مات دیتے ہیں۔

بیشتر ریاستوں کے راجے، مہاراجے اور نواب اپنے خصوصی پہلوان ملازم رکھتے تھے اور دل کھول کر ان کی سرپرستی بھی کیا کرتے تھے۔ پہلوانوں کی ساری ضروریات با آسانی پوری ہو جاتی تھیں۔ اس لئے وہ پوری تن دہی اور ذوق وشوق سے فنی ریاضت کرتے۔ نتیجہ میں ان کے فن کا لوہا ساری دنیا میں مانا جاتا تھا۔

کشتی کی تاریخ میں گاماں پہلوان کا نام لازوال قرار پاتا ہے۔ گاماں پہلوان نے بین الاقوامی کشتیوں کے مقابلوں میں ساری دنیا کے چیمپئن، پہلوانوں کو پچھاڑ دیا تھا۔

پوری دنیا میں گاماں پہلوان اپنا ثانی نہیں رکھتے تھے۔ اگر وہ کسی پہلوان کا کلا جنگ لگا کر گراتے تو مخالف پہلوان اٹھنے کا نام نہیں لیتا گاماں پہلوان رستم زماں کے خاندان سے بھولو پہلوان تعلق رکھتے تھے۔ دس سال کی عمر میں کشتی لڑنی شروع کی، 1911ء اپنے عالم شباب میں اپنے بھائی امام بخش کے ساتھ ایک غیر ملکی کے ساتھ یورپ گئے۔ ان ایام میں لندن میں دنیا بھر کے مشہور پہلوان جمع تھے۔ ترکی کا پہلوان رستم محمود، امریکی پہلوان رولینڈ اطالوی رستم جاب لیمب انگلینڈ کا چیمپئن ہاک سمتھ اور روسی چیمپئن دیوز زبسکو پہلوان، گاماں پہلوان نے ان سب کو چیلنج کیا تو ان سب نے حقارت سے کہا کہ وہ پہلے چھوٹے پہلوانوں سے کشتی لڑے۔ یہ سن کر گاماں پہلوان نے اعلان کیا کہ جو پہلوان پانچ منٹ تک ان سے کشتی لڑے گا۔ وہ اسے پانچ پاؤنڈ انعام دیں گے۔ یہ اس وقت بہت بڑی رقم تھی۔

اس اعلان کے بعد گلاسکو لیورپول اور مانچسٹر وغیرہ میں 40 پہلوانوں نے گاماں پہلوان سے کشتی لڑی اور سب کے سب بری طرح ہار گئے۔

